تبصرہ نگار: ن مد

تبصرے کے لئے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ (ادارہ)

فوائد نافعہ: تالیف: حضرت مولانا محمد نافع صاحب دامت برکاتہم۔ ناشر: دارالکتاب، اردو بازار، لاہور۔ صفحات، جلد اول: ۶۸۸، جلد دوم: ۳۰۲۔ سائز: 23×36/16، قیمت: ۳۹۰ روپے۔

بلاشبہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم وہ خوش قسمت ترین اور قابل رشک جماعت ہے، جسے اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بابرکت صحبت کے لئے منتخب فرمایا تھا، اہل سنت و جماعت کا یہ عقیدہ ہے کہ صحابہ کرامؓ معیار حق اور مدار دین ہیں اور یہ کہ تمام صحابہؓ عادل اور ثقہ ہیں، اور حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے بعد وہ "افضل الخلق" ہیں، جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے علو استعداد اور جوہری کمالات کے پیش نظر "خیر امت" کا لقب عطا فرمایا، اور دنیا ہی میں اللہ تعالیٰ نے ﴿رضي الله عنهم ورضوا عنه﴾ فرما کر انہیں اپنی رضامندی کی سند عطا فرمادی۔

مگر ایک طویل عرصے سے روافض اور بعض مخصوص حلقوں کی طرف سے ان ستودہ صفات ہستیوں پر ایک مستقل مشن کے طور پر طعن و تشنیع اور اتہام طرازی کا سلسلہ جاری ہے اور انہیں مسلسل سنگہائے ملامت کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ اہل سنت و جماعت کی طرف سے ان حضرات کے دفاع میں ہر زمانہ میں متعدد بیش بہا کتب لکھی گئیں، جنہوں نے مخالفین کے دانت کھٹے کردیئے، اور یہ سلسلہ تاہنوز جاری ہے۔ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، جو دور حاضر کے عالی قدر اور بلند پایہ محقق حضرت مولانا محمد نافع صاحب دامت برکاتہم کی تالیف ہے، حضرت نے اپنی زندگی ان پاک طینت ہستیوں کے دفاع کے لئے وقف کر رکھی ہے اور قلم کے اس جہاد میں انہوں نے دشمن پر مضبوط دلائل کے جان لیوا وار کرکے اسے زمین چاٹنے پر مجبور کردیا ہے۔

زیر نظر کتاب دو جلدوں پر مشتمل ہے۔ پہلی جلد میں پانچ فصلیں ہیں: پہلی فصل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سوانح وسیر اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل و مناقب اور روافض کی